منسوخ آیات کسے کہتے ہیں۔

اس کتاب کے دو حصے ہیں۔

باب نمبر1
منسوخ آیات کسے کہتے ہیں۔

باب نمبر1

منسوخ آیات کسے کہتے ہیں

اس کا جواب اور تفصیل قرآن پاک سے دیکھتے ہیں۔

اس باب میں میں نے منسوخ آیات کے ساتھ ساتھ عورتوں کے متعلق اہم موضوع کو بھی پیش کیا ہے۔تا کہ لوگ اردو میں آسانی سے اللہ تعالیٰ کی بات کو سمجھ سکیں۔

۔ان آیات میں رسول ﷺ کا خطاب ہے۔جو قیامت تک آنے والے لوگوں کے نام ہے۔کہ دنیا میں ایسا کوئی نہیں ہے۔جو اللہ تعالیٰ کی بات کو بدل سکے۔

سورہ انعام آیات 114 تا116 پارہ نمبر8

کیا میں اللہ تعالیٰ کے علاہ کوئی اور انصاف کرنے والا تلاش کروں۔وہی تو ہے جس نے تمھاری طرف تفصیل سے ایک کتاب نازل کی ہے۔اور وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب دی ہے۔وہ جانتے ہیں کہ یہ قرآن پاک تمھارے رب کی طرف سے سچائی کیساتھ نازل ہوا ہے۔اس لئے آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں۔اور تمھارے رب کی بات سچائی اور انصاف کے اعتبار سے مکمل ہے۔کوئی اُس کی باتوں کو بدلنے والا نہیں ہے۔وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔اور آپ دنیا کے اکثر لوگوں کی اطاعت کرتے رہے۔تو یہ لوگ آپ کو اللہ تعالیٰ کے راستے یعنی قرآن پاک سے گمراہ کر دیں گے۔یہ صرف گمان کی اطاعت کرتے ہیں۔اور صرف خیالی باتیں کرتے ہیں۔

خواتین وحضرات:

آپ نے رسول ﷺ کا خطاب پڑھا۔جو تمام لوگوں کے نام ہے۔ان آیات سے ثابت ہوا۔کہ قرآن پاک بذات خود اللہ تعالیٰ کی باتوں کی ڈکشنری ہے۔اور کوئی اللہ تعالیٰ کی باتوں کو بدل نہیں سکتا۔اور قرآن پاک کی باتیں سچائی اور انصاف کے اعتبار سے مکمل ہیں۔اور کوئی اُس کی باتوں کو بدلنے والا نہیں ہے۔اور قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفصیل کے ساتھ نازل ہوا ہے۔کیا ان باتوں کے باوجود لوگ کوئی اور انصاف کرنے والا تلاش کرتے ہیں۔

خواتین وحضرات:

آپ نے غور کیا کہ قرآن پاک کی باتیں اللہ تعالیٰ کیلیئے سند کا درجہ رکھتی ہیں۔ یہ رسول ﷺ کیلیئے سند کا درجہ رکھتی ہیں۔ اور یہی ہمارے لے بھی سند کا درجہ رکھتی ہیں۔اگر ہم نے دنیا کے لوگوں کی اطاعت کی تو وہ ہمیں اللہ تعالیٰ کے راستے یعنی قرآن پاک سے گمراہ کر دیں گے۔

خواتین وحضرات:

آپ نے دیکھا۔کہ دنیا میں ایسا کوئی نہیں ہے۔جو اللہ تعالیٰ کی بات کو بدل سکے۔صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی اپنی بات کو خود بدل سکتے ہیں۔یا منسوخ کر سکتے ہیں۔
آئیں منسوخ آیات کے بارے میں قرآن پاک سے رجوع کرتے ہیں۔

سورہ البقرہ آیات 107 تا108 پارہ1

اگر ہم کوئی آیت منسوخ کرتے ہیں۔یا اسے بھلا دیتے ہیں۔تو اس سے بہتر یا اس جیسی لے آتے ہیں۔کیا آپ کو معلوم نہیں۔کہ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔کیا

آپ کومعلوم نہیں کہ زمین اور آسمانوں میں بادشاہی اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تمھارا کوئی ولی ہوسکتا ہے۔اور نہ مددگار۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اپنی آیات منسوخ کرنے کے بارے میں تفصیل بتارہے ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے۔کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔کہ کیا آپ کومعلوم نہیں۔ کہ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پرقدرت رکھتا ہے۔کیا آپ کومعلوم نہیں کہ زمین اور آسمانوں میں بادشاہی اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تمھارا کوئی ولی ہوسکتا ہے ۔اور نہ مددگار۔

خواتین وحضرات

اس کا مطلب ہے۔کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کا ہے وہ جو جی چاہے کرے۔آیتوں کو بدلے یا اس جیسی اور لائے، یا رسول ﷺ کو بھلادے۔

خواتین وحضرات

اس کا مطلب ہے۔کہ اللہ تعالیٰ کے سوادنیا کی کوئی طاقت اللہ تعالیٰ کی آیت کو منسوخ نہیں کرسکتی۔جیسا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔کہ فرقے نہیں بنانے ۔تمام فرقہ پرست اپنے نام نہاد مفسر کے کہنے سے اللہ تعالیٰ کی آیت کو ٹھکرا کر فرقے بناتے ہیں۔یعنی اللہ تعالیٰ کی آیت کو منسوخ کردیتے ہیں۔تو ان نام نہاد مفسروں کا زمین اور اور آسمانوں میں کیا حصہ ہے۔ان کی کیا حیثیت ہے۔انہوں نے کیا پیدا کیا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔اور زمین اور آسمانوں میں بادشاہی اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کوئی ولی ہوسکتا ہے۔اور نہ مددگار۔

کیا اگر لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان نام نہاد مفسروں کی بات مانتے ہیں۔تو کیا اللہ تعالیٰ کے بجائے ان کو اپنا ولی یا مددگار بنالیا ہے۔کیا نام نہاد مفسر خود کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچالیں گے۔جو پھر وہ لوگوں کو بچائیں گے۔ان نہام نہاد مفسروں کی زمین اور آسمانوں میں کیا شراکت ہے۔جو اللہ تعالیٰ کے نقابلے میں آکر آیات منسوخ کرتے ہیں۔کیونکہ قرآن پاک میں تبدیلی کا حق کسی کو بھی نہیں۔حتیٰ کہ رسول ﷺ کو بھی نہیں۔تو یہ نام نہاد مفسر نامی چیزیں کیا چیز ہیں۔

منسوخ آیت کا مطلب ہے۔کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کے بارے میں کوئی حکم دیں۔اور بعد میں اسی چیز کے بارے میں کوئی اور حکم دے دیں۔جس سے پہلی آیت منسوخ ہوجائے اور دوسری قائم ہوجائے۔اس بارے میں قرآن پاک کہتا ہے۔کہ جب رسول ﷺ ایسی آیت کی جگہ دوسری آیت لاتے۔تو لوگ کہتے کہ یہ تو رسول ﷺ خود ہی بنالائے ہیں۔

سورہ النحل آیات 98 تا 105 پارہ 14

پھر جب آپ قرآن پڑھنے لگیں۔تو شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ لیا کریں۔اس کا ان لوگوں پر کوئی بس نہیں چلتا۔جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں ۔بے شک اس کا بس تو صرف ان لوگوں پر چلتا ہے۔جو اسے اپنا ولی بناتے ہیں اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے شریک بناتے ہیں۔اور جب ہم ایک آیت کی جگہ دوسری آیت سے تبدیل کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ جو کچھ نازل فرماتا ہے۔اس کو خوب جانتا ہے۔تو لوگ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ اپنے پاس سے بنالائے ہیں۔بلکہ ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے ۔آپ ﷺ کہیے کہ اس قرآن کو روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے سچائی کے ساتھ نازل کیا ہے۔تاکہ ایمان لانے والوں کے ایمان کو مضبوط بنادے۔اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔ہم خوب جانتے ہیں۔کہ وہ کہتے ہیں۔کہ کوئی انسان ہے۔جو اس (نبیؑ) کو (یہ قرآن) سکھاتا ہے۔ جس شخص کی طرف یہ بات منسوب کرتے ہیں۔وہ عجمی ہے اور قرآن واضح عربی زبان میں ہے۔بے شک جو لوگ اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔انہیں وہ کبھی ہدایت نہیں دیتا۔اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ بے شک جھوٹ تو صرف وہ لوگ بناتے ہیں۔جو اللہ تعالیٰ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا۔کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ اُن آیات کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔جن آیات کی جگہ اللہ تعالیٰ اور آیات لے آتے ہیں۔یعنی پہلی آیات کو منسوخ کر کے اور آیات لے آتے ہیں۔

تو لوگ رسول ﷺ سے کہتے ہیں۔ کہ آپ ﷺ اپنے پاس سے بنالائے ہیں۔بلکہ ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے۔آپ ﷺ کہیے کہ اس قرآن کو روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے سچائی کے ساتھ نازل کیا ہے۔تاکہ ایمان لانے والوں کے ایمان کو مضبوط بنادے۔اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ہم خوب جانتے ہیں۔کہ وہ کہتے ہیں۔کہ کوئی انسان ہے۔جو اس (نبیؑ) کو (یہ قرآن) سکھاتا ہے۔ جس شخص کی طرف یہ بات منسوب کرتے ہیں۔وہ عجمی ہے اور قرآن واضح عربی زبان میں ہے۔بے شک جو لوگ اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔انہیں وہ کبھی ہدایت نہیں دیتا۔اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔بے شک جھوٹ تو صرف

وہ لوگ بناتے ہیں۔ جواللہ تعالیٰ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

لوگوں نے نبی ﷺ پر الزام لگایا کہ کوئی شخص آپ ﷺ کو قرآن پاک سکھاتا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔کہ جن کی طرف یہ نسبت کر رہے ہیں۔وہ عجمی ہے

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ رسول ﷺ پر جھوٹ بنانے والے لوگوں کو جواب دے رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جو ایمان والے یعنی قرآن پاک کو سچ ماننے والے اور اس کی اطاعت کرنے والے ہیں ا۔قرآن پاک ان کو مضبوط رکھتا ہے۔اور فرمابرداری کرنے والوں کے لیے اس میں ہدایت اور خوشخبری ہے اس وقت وہ لوگ آپ ﷺ کے کسی دوست کے متعلق کہتے تھے کہ وہ آپ ﷺ کو قرآن سکھاتا ہے وہ جس انسان کے بارے میں کہتے تھے۔اس کی زبان عربی نہیں تھی بلکہ وہ کسی اور زبان کا آدمی تھا۔عجمی کا مطلب ہے دوسری زبان۔دوسری زبان کا آدمی مادری زبان کی طرح وضاحت نہیں کرسکتا۔قرآن پاک کی زبان واضح عربی ہے جو اس قوم اور رسول ﷺ کی زبان تھی۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا۔کہ جب رسول ﷺ کسی آیت کی جگہ دوسری آیت بدلتے۔تو لوگ دوطرح کے الزام لگاتے۔نمبر ا کہ رسول ﷺ خود ہی یہ آیت بنا کر لے آئے ہیں۔ نمبر 2 آپ کو کسی دوست نے یہ سکھادیا ہے۔جس پر شک کرتے تھے۔اس کی زبان بھی عربی نہیں تھی۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آیات کے ساتھ ایسا سلوک کرتے ہیں۔یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔انہیں وہ کبھی ہدایت نہیں دیتا۔اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔بے شک جھوٹ تو صرف وہ لوگ بناتے ہیں۔جو اللہ تعالیٰ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے۔اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

قرآن پاک کی آیات کو دنیا کی کوئی طاقت بدل نہیں سکتی ۔رسول ﷺ بھی قرآن پاک کی آیات کو نہ بدل سکتے ہیں نہ۔منسوخ کر سکتے ہیں۔یہ نام نہاد مفسروں اور فرقہ پرستوں کا ہی کارنامہ ہے۔کہ انہوں نے رسول ﷺ کی اطاعت کی آڑ میں فرقے بنا کر تمام قرآن پاک کو تشریح کی آڑ میں منسوخ کر رکھا ہے۔قرآن پاک کہتا ہے کہ دین میں فرقے بنانے والوں کا رسول ﷺ سے کوئی تعلق نہیں۔مگر فرقہ پرست رسول ﷺ کا نام لے کر ہی فرقے بناتے ہیں۔اور واضح بغاوت کرتے ہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کہا کہ اللہ تعالیٰ کی رسی کو مظبوطی سے پکڑ لو اور فرقے نہ بنانا۔

خواتین وحضرات

مگر فرقہ پرستوں نے رسول ﷺ کا نام لگا کر ہی فرقے بنالیے۔اور قرآن پاک کی آیت کو منسوخ کر دیا۔ان فرقہ پرستوں کا رسول ﷺ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

سورہ انعام۔آیت 159 پارہ 8

بیشک جن لوگوں نے اپنے دین میں فرقے بنالیے اور گروہ بن گئے ہیں آپ ﷺ کا ان سے کوئی تعلق نہیں بیشک ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کا ہے پھر وہ ان کو خود بتائے گا کہ وہ کیا کر رہے تھے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے فرقہ بنانے والے لوگوں سے رسول ﷺ کی لاتعلقی کا اعلان کردیا ہے رسولؐ کا ایسے لوگوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔یاد رکھیں کہ فرقے بنانے والے لوگ رسولؐ کے کچھ نہیں لگتے یہ اعلان لاتعلقی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا تعلق رسول ﷺ سے قائم ہو تو آج ہی فرقہ چھوڑ کر توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی رسی قرآن پاک کو مضبوطی سے پکڑ نا ہوگا۔

خواتین وحضرات۔

آپ نے فیصلہ کرنے والے قرآن کا پیغام سنا کہ رسول ﷺ کا فرقہ بنانے والوں سے کوئی تعلق نہیں۔تمام فرقہ والے قرآن پاک کا فیصلہ سن لیں۔یاد رکھیں کہ قیامت والے دن فیصلے نام نہاد مفسر یا فرقہ پرست نہیں کریں گے بلکہ اللہ تعالیٰ کرے گا۔ ان فرقہ پرستوں کے آپس کے تعلقات قیامت والے دن ٹوٹ جائیں گے۔اور قرآن پاک کا فیصلہ چلے گا۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا۔دنیا کے کسی انسان کو قرآن پاک منسوخ کرنے کا حق نہیں ہے۔اور نہ ہی نام نہاد اماموں کی دی ہوئی احادیث کے زریعے کو قرآن پاک منسوخ کرنے کا حق ہے اور نہ قرآن پاک میں تبدیلی کا حق ہے۔

آئیں قرآن پاک سے ایسی آیات دیکھتے ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے بعد میں منسوخ کر دیا۔ اس میں زنا کی سزا ہے اور تہمت کی سزا ہے۔ لہذا پہلے تہمت کی سزا کو دیکھتے ہیں۔ بعد میں زنا والی آیات کو تفصیل سے دیکھیں گے۔

سورہ نور آیت 5 پارہ 18

اور وہ لوگ جو پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں۔ پھر چار گواہ پیش نہ کر سکیں۔ تو ان کو اسی اسی کوڑے لگاؤ۔ اور کبھی اس کی شہادت قبول نہ کرو۔ اور یہی لوگ نافرمان ہیں اس کے بعد جو توبہ کر لیں۔ اور اپنی اصلاح کر لیں۔ تو بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ تہمت کی سزا مقرر کر رہے ہیں۔ اس آیت سے ہمیں پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ کو تہمت لگانے سے کتنی نفرت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں۔ پھر چار گواہ پیش نہ کر سکیں۔ تو ان کو اسی اسی کوڑے لگاؤ۔ اور کبھی اس کی شہادت قبول نہ کرو۔ اور یہی لوگ نافرمان ہیں اس کے بعد جو توبہ کر لیں۔ اور اپنی اصلاح کر لیں تو بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

آئیں وہ آیت دیکھتے ہیں۔ جس میں تہمت کی سزا منسوخ ہوگئی۔

سورہ نور آیت25 پارہ18

اور وہ لوگ جو پاک دامن بے خبر مومن عورتوں پر تہمت لگائیں۔ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے۔ اور انہیں سخت عذاب ہوگا۔ جس دن ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے اعمال کی گواہی دیں گے۔ اُس دن اللہ تعالیٰ ان کو پوری پوری سزا دے گا اور انہیں معلوم ہو جائے گا۔ کہ اللہ تعالیٰ ہی واضح سچا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں تہمت کی سزا کو ختم کیا جا رہا ہے۔ اور اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے قیامت کا دن مقرر کر دیا ہے۔ اس کی وجہ یہ کہ اتنی تذلیل دنیا کے سامنے سہنے کے بعد انسان دنیا کا سامنا نہیں کر سکتا۔ پھر ساری زندگی کے طعنے جو اسے اور اس کے خاندان اور اولاد کو سہنے پڑیں گے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

اور وہ لوگ جو پاک دامن بے خبر مومن عورتوں پر تہمت لگائیں۔ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہوگی۔ اور انہیں سخت عذاب ہوگا۔ جس دن ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے اعمال کی گواہی دیں گے۔ اُس دن اللہ تعالیٰ ان کو پوری پوری سزا دے گا اور انہیں معلوم ہو جائے گا۔ کہ اللہ تعالیٰ ہی واضح سچا ہے۔

خواتین وحضرات!

اگر ہم یہ جاننا چاہیں۔ کہ ان کی پہلی کتابوں میں کیا سزا تھی۔ تو اس کے لیے ہمیں تورات اور انجیل والی آیات میں غور کرنا پڑیگا۔ آپ اگر غور کریں تو آپ دیکھیں کہ صرف اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اختلاف کرنے والوں کے ساتھ عذاب کے سخت وعدے ہیں۔ اور ایمان لانے والوں کے تمام گناہ معاف کرنے کے وعدے ہیں۔ چاہے وہ گناہ کسی بھی نوعیت کے کیوں نہ ہوں۔

سورہ نساء آیات 110 تا 112 پارہ5

اور جو کوئی برا عمل کرے گا۔ یا اپنے اوپر ظلم کرے پھر اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا پائے گا اور جو کوئی گناہ کرتا ہے تو اپنی ہی جان کے خلاف کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ علم والا حکمت والا ہے۔

اور جب کسی سے خطا ہوتی ہے یا وہ گناہ کرتا ہے۔ پھر اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگایا۔ تو اس نے اپنے ہی اوپر ہی بہتان لادا۔ اور واضح گناہ کا مرتکب ہوا۔

خواتین حضرات۔

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں تہمت کی سزا یعنی کوڑے کی سزا کو ختم کیا جا رہا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنا ایک بہت ہی خوبصورت حکم دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

اور جو کوئی برا عمل کرے گا۔ یا اپنے اوپر ظلم کرے پھر اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا پائے گا اور جو کوئی گناہ کرتا ہے تو اپنی ہی جان کے خلاف کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ علم والا حکمت والا ہے۔ اور جب کسی سے خطا ہوتی ہے یا وہ گناہ کرتا ہے۔ پھر اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگایا۔ تو اس نے اپنے ہی اوپر ہی بہتان لادا۔ اور واضح گناہ کا مرتکب ہوا۔

خواتین حضرات۔

اور جن لوگوں سے گناہ سرزد ہو جائیں۔ اور وہ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں تو وہ اللہ تعالیٰ کو معاف کرنے والا پائیں گے۔ اور جو کوئی گناہ کرتا ہے تو اپنی ہی جان کے خلاف کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ علم والا حکمت والا ہے۔ اور جب کسی سے خطا ہوتی ہے یا وہ گناہ کرتا ہے۔ پھر اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگائے۔ تو اس نے اپنے ہی اوپر ہی بہتان لادا۔ اور واضح گناہ کا مرتکب ہوا۔ اس کا مطلب ہے۔ کہ وہ اپنے لیے ہی مصیبت اکھٹی کر رہا ہے۔

اب ہم رسول کے واقعات سے بھی مدد لیں گے۔ سورہ یوسف میں زلیخا نے یوسفؑ پر تہمت لگائی۔ مگر زلیخا کے لیے کوئی سزا نہیں پاتے۔ البتہ بہتری اسی میں تھی۔ کہ یوسفؑ

وہاں سے دور چلے گئے۔اور قید کاٹی۔یہ زلیخا کے ظلم سے بچنے کا ایک طریقہ تھا۔جسے ہم نے یوسفؑ کے واقعے سے سیکھا۔
اب ہم رسول یعنی یوسفؑ کے واقعے میں دیکھیں گے۔کہ زلیخا کو کیا سزا ملی۔ہم نے دیکھا کہ ایسے واقعے میں یوسفؑ کو زلیخا کے برے ارادوں سے بچانے کے لیے دور کر دیا گیا۔اور وہ قید میں رہے اس طرح انہوں زلیخا کے شر سے نجات پائی۔یاد رہے کہ یوسف کی سچائی سب کے سامنے تھی۔پھر اس کے باوجود اسے زلیخا سے بچانے کے لیے قید میں رکھا گیا۔جس کا مقصد یوسف کو زلیخا کے گھٹیا داؤ سے بچانا تھا۔البتہ اللہ تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہے۔اور سزا پائے گی۔اگر اللہ تعالیٰ سے سچے دل سے توبہ نہ کی ہوئی ہو۔

آئیں اب زنا کی سزا کے بارے میں جانتے ہیں کہ وہ کیسے اللہ تعالیٰ نے آہستہ آہستہ یعنی بتدریج منسوخ کی۔ان آیات سے ہم جان سکیں گے۔کہ اللہ تعالیٰ کو زنا سے کتنی سخت نفرت ہے۔جب ہم یہ سات آیات دیکھ لیں گے۔تو خواتین کے بارے میں صاف اور واضح نتیجہ آپ کے سامنے آجائے گا۔

1۔ سورہ نور آیات 2 تا 3 پارہ 18

زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد دونوں کو سو سو کوڑے مارو۔ااور اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملے میں تمہیں نرمی نہیں کرنا چاہیے۔اگر تم اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔اور دونوں کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت کو موجود رہنا چاہیے۔زانی مرد زانی عورت سے نکاح کرتا ہے۔یا مشرکہ سے۔اور زانیہ عورت بھی سوائے زانی مرد اور مشرک کے سوا کسی سے نکاح نہیں کرتے۔اور یہ عمل مومنوں پر حرام ٹہرادیا گیا ہے۔

خواتین وحضرات

آپ نے اللہ تعالیٰ کا حکم پڑھا۔کہ زنا کا عمل مومنوں پر حرام ہے۔لہذا اس برے عمل کرنے والے کی اللہ تعالیٰ سزا تجویز کر رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد دونوں کو سو سو کوڑے مارو۔ااور اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملے میں تمہیں نرمی نہیں کرنا چاہیے۔اگر تم اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔اور دونوں کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت کو موجود رہنا چاہیے۔زانی مرد زانی عورت سے نکاح کرتا ہے۔یا مشرکہ سے۔اور زانیہ عورت بھی سوائے زانی مرد اور مشرک کے سوا کسی سے نکاح نہیں کرتے۔اور یہ عمل مومنوں پر حرام ٹہرادیا گیا ہے۔

زنا کی سزا کو قسم کے ذریعے منسوخ کیا جا رہا ہے۔

2۔ سورہ نور آیات 6 تا 10 پارہ 18

اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں۔اور ان کے پاس کوئی گواہ نہ ہو۔تو ان کی شہادت کسی ایک میں سے چار مرتبہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھائے۔کہ بیشک وہ سچا ہے۔اور پانچویں دفعہ یوں کہے۔کہ اگر وہ جھوٹا ہے۔تو اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔اور عورت سے سزا کو یہ بات ٹال سکتی ہے۔کہ وہ پہلے چار مرتبہ شہادت دے۔چار بار قسم کھا کر شہادت دے کہ بیشک یہ جھوٹا ہے۔اور پانچویں بار کہے۔کہ اگر وہ سچا ہے۔تو مجھ پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہو۔اور اگر تم اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی۔اور یہ کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں زنا کی سزا کو قسم سے ختم منسوخ کر دیا گیا ہے۔جو عورت اس طرح قسم کھائے۔اس پر سے زنا کی سزا ٹل جائے گی۔

آئیں اب دیکھتے ہیں۔کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو منسوخ کیسے کیا۔

آئیں اب دیکھتے ہیں۔کہ اللہ تعالیٰ نے زنا کی سزا کو منسوخ کیسے کیا۔

3 ۔ سورہ نساء 34 تا 35 پارہ 5

مرد عورتوں کے نگران ہیں۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔اور اس لیے کہ مرد اپنا مال عورتوں پر خرچ کرتے ہیں۔پھر نیک عورتیں فرمابردار اور غیر حاضری میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے حفاظت کرنے والیاں ہوتی ہیں۔اور جن عورتوں کی تمھیں بیوفائی کا خوف ہو۔تو پہلے انہیں نصیحت کرو۔اور ان سے خواب گاہوں میں الگ رہو۔اور ان کو مارو۔پھر اگر وہ تمھارا کہنا مان لیں۔تو پھر ان کے خلاف کوئی راستہ تلاش نہ کرو۔بے شک اللہ تعالیٰ بہت بلند شان والا ہے۔
اور اگر تمھیں مخالفت کا خوف ہو۔تو ایک منصف مرد کے خاندان سے اور ایک منصف عورت کے خاندان سے مقرر کرو۔اگر وہ دونوں اصلاح کرنا چاہیں۔تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کے درمیان موافقت پیدا کرے گا۔بیشک اللہ تعالیٰ علم والا خبردار ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ ان عورتوں کی بہت تعریف کررہے ہیں۔ جو نیک عورتیں فرمابرداراور شوہروں کی غیر حاضری میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے حفاظت کرنے والیاں ہوتی ہیں۔یعنی ایسی عورتیں بہت مبارک عورتیں ہیں۔ان عورتوں کے مقابلے میں اب دوسری قسم کی عورتوں کی بات ہورہی ہے۔یعنی جو نیک عورتیں نہیں ہوتیں۔ جو فرمابرداراور شوہروں کی غیر حاضری میں اپنی ابرو کی حفاظت کرنے والی نہیں ہوتی ہیں۔ بلکہ خیانت کرنے والی ہوتی ہیں۔ان پر زنا کی سزا کوڑوں والی منسوخ ہورہی ہے۔بیوی پر سب سے زیادہ اس کے شوہر کا حق ہوتا ہے۔کیونکہ اس کے عمل سے سب سے زیادہ تکلیف شوہر کو ہوتی ہے۔اس کا گھر خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔اس کے بچوں کی ازیت بھی اس کے لیے تکلیف دہ ہے۔بلکل اسی طرح جیسے کسی شوہر کا اس قسم کا ردعمل ہو تو جو حال گھر ہوتا ہے۔ چونکہ شوہر اپنی بیوی پر خرچ کرتا ہے۔وہ اس کا نگران ہوتا ہے۔وہی اس کو سمجھائے۔پھر بھی نہ سمجھے تو بستر الگ کرے۔پھر بھی عورت کو ہوش نہ آئے۔تو صرف شوہر اس کی اصلاح کی غرض سے اسے مارسکتا ہے۔اب مارنے کی سزا بھی منسوخ ہو رہی ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔کہ اگر مخالفت کا خوف ہو۔ تو اس انتہائی اقدام سے بچنے کے لیے ایک منصف مرد کے خاندان سے اور ایک منصف عورت کے خاندان سے مقرر کیا جائے۔اگر وہ دونوں اصلاح کرنا چاہیں۔یعنی صلح کرنا چاہیں۔تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کے درمیان موافقت پیدا کرے گا۔ بیشک اللہ تعالیٰ علم والا خبر دار ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ مرد اور عورت کو آخر تک صلح کرنے کی ترغیب دے رہیں۔اگر وہ دونوں صلح کرنا چاہیں۔تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کے درمیان موافقت پیدا کرے گا۔ بیشک اللہ تعالیٰ علم والا خبر دار ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔کہ اگر کسی عورت کو اپنے شوہر سے بے وفائی کا خطرہ ہو۔تو انہیں چاہیے کہ آپس میں صلح کرلیں۔اور صلح اچھی چیز ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔۔اور یہ تم سے ہرگز نہیں ہو سکے گا۔کہ تم عورتوں کے درمیان برابری کرسکو۔اگر چہ تم کتنا ہی کیوں نہ چاہو۔بس ایک طرف ہی نہ جھک پڑو۔کہ تم دوسری کو لٹکتا ہوا چھوڑ دو۔اور اگر تم صلح کرو اور پرہیز گار بن کر رہو۔تو بے شک اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ اس لٹکنے کو منسوخ کررہے ہیں۔اور فرماتے ہیں۔اور اگر وہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں۔تو اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے فضل سے غنی کردے گا۔اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا حکمت والا ہے۔

4 سورہ نساء آیات 126 تا 130 پارہ 5

اور اگر کسی عورت کو اپنے خاوند سے بے وفائی اور منہ پھیرنے کا اندیشہ ہو۔تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں۔کہ آپس میں صلح کرلو۔اور صلح اچھی چیز ہے۔اور لالچ تو ہر نفس کے ساتھ موجود ہے۔اور اگر تم بھلائی کرو۔اور پرہیز گاری اختیار کرو۔بے شک اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اس سے باخبر ہے۔اور یہ تم سے ہرگز نہیں ہو سکے گا۔کہ تم عورتوں کے درمیان برابری کرسکو۔اگر چہ تم کتنا ہی کیوں نہ چاہو۔بس ایک طرف ہی نہ جھک پڑو۔کہ تم دوسری کو لٹکتا ہوا چھوڑ دو۔اور اگر تم صلح کرو اور پرہیز گار بن کر رہو۔تو بے شک اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔اور اگر وہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں۔تو اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے فضل سے غنی کردے گا۔اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا حکمت والا ہے۔

خواتین وحضرات

ن آیات میں اسی طرح کا خطاب ہے۔جیسے پہلے سورہ نساء میں عورتوں کے بارے میں حکم ہوا تھا۔جس میں اللہ تعالیٰ نے مرد کو پہلے زبان سے سمجھانے کا حکم دیا تھا۔پھر بستر الگ کرنے کا حکم دیا تھا۔پھر مارنے کا حکم دیا تھا۔وہاں بھی عورت کی بے وفائی کے لیے لفظ نشوزاً کا استعمال کیا گیا۔اور یہاں بھی مرد کی بے وفائی کے لیے لفظ نشوزاً کا استعمال کیا گیا ہے۔ایسی صورت میں بھی دونوں کو اصلاح کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔اور اگر کسی عورت کو اپنے خاوند سے بے وفائی اور منہ پھیرنے کا اندیشہ ہو۔تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں۔کہ آپس میں صلح کرلیں۔اور صلح اچھی چیز ہے۔اور لالچ تو ہر نفس کے ساتھ موجود ہے۔اور اگر تم بھلائی کرو۔اور پرہیز گاری اختیار کرو۔بے شک اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اس سے باخبر ہے۔اور یہ تم سے ہرگز نہیں ہو سکے گا کہ تم عورتوں کے درمیان برابری کرسکو۔اگر چہ تم کتنا ہی کیوں نہ چاہو۔بس ایک طرف ہی نہ جھک پڑو۔کہ تم دوسری کو لٹکتا ہوا چھوڑ دو۔اور اگر تم اصلاح کرو اور پرہیز گار بن کر رہو۔تو بے شک اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔اور اگر وہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں۔تو اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے فضل سے غنی کردے گا۔اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا حکمت والا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ اگر مرد بے وفائی کرتے ہوئے دوسری شادی کرلیتا ہے۔تو پہلی بیوی اگر صلح کرکے رہنا چاہے۔تو کوئی گناہ نہیں۔چونکہ اس عمل سے مرد انصاف

نہیں کر سکے گا۔لہذا اگر وہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں۔تو اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا حکمت والا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا ۔کہ اللہ تعالیٰ نے فیصلے کا اختیار عورت کو دیا۔کہ وہ چاہے اس مرد کے ساتھ رہے یا نہ رہے۔
ان آیات سے ہم نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور اگر تم اصلاح کرو اور پرہیزگار بن کر رہو۔تو بے شک اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔یعنی یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ عمل ہے۔کیونکہ ایسے عمل سے کمزور عورت پر ظلم کا خطرہ ہوتا ہے۔اس لیے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔اور لالچ تو ہر نفس کے ساتھ موجود ہے۔اور اگر تم بھلائی کرو۔اور پرہیزگاری اختیار کرو۔بے شک اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو اس سے باخبر ہے۔اور یہ تم سے ہرگز نہیں ہو سکے گا کہ تم عورتوں کے درمیان برابری کر سکو۔اگرچہ تم کتنا ہی کیوں نہ چاہو بس ایک طرف ہی نہ جھک پڑو۔کہ تم دوسری کو لٹکتا ہوا چھوڑ دو۔اور اگر تم اصلاح کرو اور پرہیزگار بن کر رہو۔تو بے شک اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔یعنی مرد کو بہت محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔اگر وہ دوسری بیوی کو رکھنا چاہتا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ایسی فضا میں انصاف نہیں ہو سکتا۔لہذا وہ دونوں الگ ہو سکتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا حکمت والا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ دوسری شادی کی اجازت یا حکم اللہ تعالیٰ نہیں دے رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔کہ انصاف نہیں ہو سکے گا۔اس میں دو صورتیں ہیں کہ صلح کر کے پرہیزگار بن کر رہو۔یا الگ ہو جاؤ۔

خواتین وحضرات!

یہ اس طرح ہے۔کہ کوئی بچہ اپنی ماں سے موٹر سائیکل پر ویلنگ کی اجازت مانگتا ہے۔تو ماں اسے ویلنگ کے برے نتائج بتانا شروع ہو جاتی ہے۔کیا اس کو اجازت کہتے ہیں۔اس کا مطلب ہے۔کہ ماں اس کو ویلنگ کی اجازت نہیں دے رہی۔اگر اللہ تعالیٰ اس عمل کو یعنی دوری شادی کے برے نتائج اس طرح سمجھانے کے بجائے حرام قرار دیتے۔تو معاملہ ہی چوپٹ ہو جاتا۔اور قیامت تک آنے والے بہت سے مجبور لوگ مصیبت میں پھنس جاتے۔اور بہت سے پرہیزگار لوگوں کو مجبوری کے باعث اپنی بیویوں اور بیویوں کو شوہر سے ہاتھ دھونے پڑتے۔مثلاً کسی مرد کی اولاد نہ ہو۔مگر اسے اپنی بیوی بھی بہت اچھی لگتی ہو۔اور بیوی کو بھی شوہر اچھا لگتا ہو۔دونوں اس خلا کو پر کرنے کے یہ زہر کا گھونٹ نہ پی سکتے ہیں یعنی مرد دوسری شادی نہ کر سکتا۔تو ان کی زندگی کی ویرانی میں اضافہ ہی ہوتا۔

خواتین وحضرات!

اب جو آیات آپ کے سامنے پیش کرنے والی ہوں۔ان آیات میں واضح بے حیائی کی صورت میں بیوی کو گھر سے نکالنے کی اجازت ہے۔مارنے کی اجازت نہیں۔

5۔ سورہ طلاق آیات 1 تا 2 پارہ 28

اے نبی جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دو۔تو طلاق ان کی عدت کے شروع میں دو۔اور عدت کا حساب رکھو۔اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔جو تمہارا رب ہے۔اُن کو اپنے گھروں سے نہ نکالو۔اور نہ وہ خود نکلیں۔سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی حدوں سے نکلے گا۔تو وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا۔تم نہیں جانتے کہ شاید اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی بہتری پیدا کر دے۔پھر جب وہ اپنی معیاد کو پہنچیں۔تو ان کو اچھے طریقے سے جدا کر دو۔یا اچھے طریقے سے روک لو۔اور اپنے میں سے دو انصاف پسند گواہ لو۔اور گواہی کو اللہ تعالیٰ کے لیے قائم کرو۔ان باتوں سے ان کو نصیحت حاصل ہوتی ہے۔جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھے۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے نکلنے کا راستہ بنا دے گا۔

خواتین واحضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ قیامت تک آنے والے لوگوں کو بیوی کو طلاق دینے کے بعد اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنے کی تلقین کر رہے ہیں۔کہ اپنی عورتوں کو گھروں سے نہ نکالو۔اور نہ وہ خود نکلیں۔سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کی مرتکب ہوں۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے صرف ایک وجہ سے بیوی کو گھر سے نکلنے کی اجازت دی۔جب وہ کھلم کھلا بے حیائی کا مظاہرہ کریں۔پھر اللہ تعالیٰ اس سزا کو منسوخ کر رہے ہیں۔پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔پھر جب وہ اپنی معیاد کو پہنچیں۔تو ان کو اچھے طریقے سے جدا کر دو۔یا اچھے طریقے سے روک لو۔پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی حدوں سے نکلے گا۔یعنی نہ مرد اپنی حد سے نکلے نہ عورت۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی حدوں سے نکلے گا۔تو وہ اپنے آپ پر ظلم

کرے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ ان سابقہ آیات کو منسوخ کر رہے ہیں۔۔تو نہیں جانتا کہ شاید اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی بہتری پیدا کردے۔ پھر جب وہ اپنی معیاد کو پہنچیں۔ تو ان کو اچھے طریقے سے جدا کردو۔ یا اچھے طریقے سے روک لو۔

خواتین و حضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ شوہروں کو حکم دے رہے ہیں۔۔کہ طلاق دینے کے بعد بھی بیوی کو گھر سے نہیں نکالنا۔ اور نہ بیوی خود نکلے۔ یہ اس لیے کہ شائد اللہ تعالیٰ ان کے درمیان کوئی رضامندی کی صورت پیدا کردے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ پھر جب وہ اپنی معیاد کو پہنچیں۔ تو ان کو اچھے طریقے سے جدا کردو۔ یا اچھے طریقے سے روک لو۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی حدوں سے نکلے گا۔ تو وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا۔ تو نہیں جانتا کہ شاید اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی بہتری پیدا کردے۔ پھر جب وہ اپنی معیاد کو پہنچیں۔ تو ان کو اچھے طریقے سے جدا کردو۔ یا اچھے طریقے سے روک لو۔

خواتین و حضرات!

اب جو آیات آپ کے سامنے پیش کرنے والی ہوں۔ ان آیات میں کھلم کھلا بے حیائی کی صورت میں عورت سے مارنے کو منسوخ کریا گیا ہے۔ اور صرف اپنا دیا ہوا اپنا مال واپس لینے کی اجازت ہے۔ ورنہ اگر عورت واضح بےحیائی کی مرتکب نہیں۔ تو مرد اسے دیا ہوا کوئی مال واپس نہیں لے سکتا۔ اور اس صورت کے علاوہ مرد کو دیے ہوئے مال میں سے کچھ بھی واپس نہ لینے کا حکم ہے۔ چاہے عورت کو دولت کا انبار ہی کیوں نہ دیا گیا ہو۔ صرف اس عورت سے واپس لینے کی اجازت ہے۔ جو واضح بے حیائی کرے۔

خواتین و حضرات!

اللہ تعالیٰ کا حکم دیکھیں۔ اور ہمارے معاشرے کو دیکھیں۔ کتنا تضاد ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، اگر تمھارا ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی لانے کا ارادہ ہو۔ اور تم نے اسکو ایک دولت کا انبار دے رکھا ہو۔ تو بھی اس میں سے واپس کچھ نہ لو۔ سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں

6۔ سورہ نساء آیات 19 تا 21 پارہ 4

اے ایمان والو تمھارے لیے یہ حلال نہیں۔ کہ تم عورتوں کے زبردستی وارث بنو۔ اور نہ انہیں اس خیال سے روکے رکھو۔ کہ جو کچھ تم نے انہیں دے چکے ہو۔ اس میں سے واپس لے لو۔ سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔ اور ان کے ساتھ مناسب طریقے سے رہو۔ اگر تم انہیں نہیں چاہتے۔ تو ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو ناپسند کرو۔ اور اللہ تعالیٰ اس میں تمھارے لیے اور بھلائی رکھ دے۔ اور اگر تمھارا ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی لانے کا ارادہ ہو۔ اور تم نے اسکو ایک دولت کا انبار دے رکھا ہو۔ تو بھی اس میں سے واپس کچھ نہ لو۔ تو کیا تم اس پر بہتان لگا کر اور اعلانیہ گناہ سے اس کو لینا چاہتے ہو۔ اور تم کیسے لے سکتے ہو اس کو۔ جبکہ تم ایک دوسرے کے قریب رہ چکے ہو۔ اور وہ تم سے سخت اقرار لے چکی ہیں۔۔۔۔۔

خواتین و حضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ تمھارے لیے یہ حلال نہیں۔ کہ تم عورتوں کے زبردستی وارث بنو۔ اور نہ انہیں اس خیال سے روکے رکھو۔ کہ جو کچھ تم نے انہیں دے چکے ہو۔ اس میں سے واپس لے لو۔ سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔

خواتین و حضرات

آپ نے دیکھا کہ مرد عورتوں کے وارث نہیں ہیں۔ کہ اگر وہ رہنا نہ چاہیں تو ان کو جو دیا ہو اس سے واپس نہیں لے سکتے۔ سوائے اس صورت میں کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔ اگر کسی مرد کو اس کی بیوی پسند نہیں ہے اور وہ دوسری شادی کرنا چاہتا ہو۔ اگر اس نے اسکو ایک دولت کا انبار دے رکھا ہو۔ تو بھی اس میں سے واپس کچھ نہ لے سکتا۔ تو کیا تم اس پر بہتان لگا کر اور اعلانیہ گناہ سے اس کو لینا چاہتے ہو۔ اور تم کیسے لے سکتے ہو اس کو۔ جبکہ تم ایک دوسرے کے قریب رہ چکے ہو۔ اور وہ تم سے سخت اقرار لے چکی ہیں۔

خواتین و حضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے صرف ایک وجہ سے بیوی سے اپنا دیا ہوا مال لینے کی اجازت شوہر کو دی۔ جب وہ کھلم کھلا بے حیائی کا مظاہرہ کریں۔

خواتین و حضرات

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے شوہروں کو کس طرح اعلیٰ اخلاق سکھایا۔

اب جو آیات آپ کے سامنے پیش کرنے والی ہوں۔ ان آیات میں زنا اور قتل جیسے بڑے گناہ اللہ تعالیٰ معاف کرنے کا اعلان کر رہے ہیں۔ صرف اس صورت میں اگر لوگ ایمان لے آئیں۔ یعنی قرآن پاک کو سچ مانیں اور اس کی اطاعت کریں۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو نیکیوں میں بدل دیں گے۔ اور پھر یہ لوگ بڑی وقار سے زندگی

گزارتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے زنا اور قتل کی سزا کیسے منسوخ کی۔۔۔۔۔۔۔

زانی ااور قاتل لوگ کس طرح باوقار بن سکتے ہیں۔اور جنت میں جا سکتے ہیں ۔۔تو ایسے پیارے لوگوں کے گناہ اللہ تعالیٰ نیکیوں میں تبدیل کردیں گے۔بھلے وہ قتل اور زنا ہی کیوں نہ ہوں۔

7 ۔ سورہ فرقان ۔آیات 68 تا 73 ۔پارہ نمبر 19

اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو معبود نہیں پکارتے۔ اور جس نفس کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے۔اسے قتل نہیں کرتے۔مگر سوائے سچ کے بدلے کے۔اور نہ وہ زنا کرتے ہیں۔اور جو کوئی ایسے کام کرے۔وہ گناہ پا ئے گا۔قیامت کے دن اس کے لیے دوگنا عذاب ہوگا۔

مگر جس نے توبہ کرلی اور ایمان لے آئے ااور صالح عمل کرنے لگے۔تو ایسے لوگوں کی برائیوں کو اللہ تعالیٰ بھلائیوں سے بدل دے گا۔اور وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے جو توبہ کرتا ہے اور صالح اعمال کرتا ہے بیشک وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے۔وہ تو اللہ کی طرف پلٹ آتا ہے۔جو جھوٹ کے گواہ نہیں بنتے اور کسی بیہودہ چیز پر ان کا گذر ہو جائے تو وقار سے گزر جاتے ہیں جنہیں ان کے رب کی آیات سنا کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اس پر اندھے اور بہرے بن کر نہیں گر پڑتے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کتنے پیار سے سمجھا رہے ہین جو زنا اور قتل جیسے برے کام کرتے ہیں۔اگر یہ لوگ ایمان لے آئیں یعنی قرآن پاک کو سچ مان لیں اور اس کی اطاعت کریں۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

جس نے توبہ کرلی اور ایمان لے آئے ااور عمل صالح کرنے لگے۔تو ایسے لوگوں کی برائیوں کو اللہ تعالیٰ بھلائیوں سے بدل دے گا۔اور وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے جو توبہ کرتا ہے اور صالح اعمال کرتا ہے بیشک وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے۔وہ تو اللہ کی طرف پلٹ آتا ہے۔جو جھوٹ کے گواہ نہیں بنتے اور کسی لغو چیز پر ان کا گذر ہو جائے تو وقار سے گزر جاتے ہیں جنہیں ان کے رب کی آیات سنا کر نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اس پر اندھے اور بہرے بن کر نہیں گر پڑتے۔

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کو اندھوں اور بہروں سے کتنی نفرت ہے یعنی وہ لوگ جو آنکھیں رکھتے ہوئے اندھوں کی طرح قرآن پاک سے رویہ رکھتے ہیں۔کان ہوتے ہوئے بھی بہروں کی طرح ہوں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ قرآن کی نصیحت پر اندھے بہرے کی طرح عمل نہیں کرنا بلکہ اس میں غور کرنا ہے یہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا تقاضا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو کتنے پیار سے سمجھا رہے ہین جو زنا اور قتل جیسے برے کام کرتے ہیں۔اگر یہ لوگ فرقہ پرستی سے توبہ کرلیں اور ایمان لے آئیں یعنی قرآن پاک کو سچ مان لیں اور اس کی اطاعت کریں۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

جس نے توبہ کرلی اور ایمان لے آئے ااور عمل صالح کرنے لگے۔تو ایسے لوگوں کی برائیوں کو اللہ تعالیٰ بھلائیوں سے بدل دے گا۔اور وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے جو توبہ کرتا ہے۔

وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف واپس آجاتا ہے۔ایسے لوگوں کے وہ گناہ جو انہوں نے قتل اور زنا کی صورت میں کیے تھے۔ان گناہوں کو اللہ تعالیٰ نیکیوں میں بدل دیں گے ۔یعنی گناہ والے کام کو اللہ تعالیٰ نیکیوں میں بدل دے گا۔اس لیے کہ انہوں نے سورہ محمد کی آیت نمبر دو کے مطابق قرآن پاک کو سچ مان لیا اور اس کی اطاعت کرنے لگے۔یعنی انہوں نے توبہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے رجوع کر لیا تو اللہ تعالیٰ کے پاس واپس آ گئے۔یعنی صبح کا بھولا ہوا شام کو گھر آ جائے۔تو اسے معاف کردیا جاتا ہے۔اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔یہی لوگ معزز بن جاتے ہیں۔اور اور برے کاموں پر وقار اور شرافت سے گزر جاتے ہیں۔کیونکہ اب یہ وہ لوگ ہیں۔جو اللہ تعالیٰ کی آیات میں غور کرتے ہیں۔اور جھوٹ کی گواہیاں نہیں دیتے ۔تو ایسے پیارے لوگوں کے گناہ اللہ تعالیٰ نیکیوں میں تبدیل کردیں گے۔بھلے وہ قتل اور زنا ہی کیوں نہ ہوں۔

خواتین وحضرات

آپ نے اللہ تعالیٰ کا حکم پڑھا۔کہ جو ایمان لے آئے۔تو اس کے گناہ اللہ تعالیٰ نیکیوں میں تبدیل کردیں گے۔آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں زنا اور قتل کی سزا نہ صرف منسوخ ہوئی ہے ۔بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف واپس آنے کی صورت میں قبیح گناہ نیکیوں میں بدل گئے۔اور یہ لوگ وقار والے لوگ کہلائے۔

ہم جنس پرستی سے روکنے کے لیے حضرت لوط علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا۔ یہ میری بیٹیاں ہیں۔ اگر تم ایسا کرنا چاہتے ہو۔

9۔ سورہ حجر آیات 67 تا 71 پارہ 14

اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ بھیج دیا۔ کہ صبح ہوتے ہی ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی جائے گی۔ اور شہر والے خوشیاں مناتے ہوئے آئے۔ لوطؑ نے کہا یہ لوگ میرے مہمان ہیں۔ پس تم مجھے زلیل نہ کرو۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اور میری بے عزتی نہ کرو۔ انہوں نے کہا کیا ہم نے تمھیں سارے جہان سے منع نہیں کیا۔ اُس نے کہا۔ یہ میری بیٹیاں ہیں۔ اگر تم ایسا کرنا چاہتے ہو۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ بھیج دیا۔ کہ صبح ہوتے ہی ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی جائے گی۔ اور شہر والے خوشیاں مناتے ہوئے آئے۔ لوطؑ نے کہا یہ لوگ میرے مہمان ہیں۔ پس تم مجھے زلیل نہ کرو۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اور میری بے عزتی نہ کرو۔ انہوں نے کہا کیا ہم نے تمھیں سارے جہان سے منع نہیں کیا۔ اُس نے کہا۔ یہ میری بیٹیاں ہیں۔ اگر تم ایسا کرنا چاہتے ہو۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں حضرت لوطؑ نے مجبوری کی حالت میں ایک چھوٹے حرام کام کو بڑے حرام کام کی نسبت ترجیح دی۔ یعنی مجبوری کی حالت میں جیسے حرام کھانا جائز ہے۔ یہ اس قسم کی بات ہے۔ البتہ عذاب ان کی قوم کو ہم جنس پرستی اور سرکشی کی وجہ سے آیا۔ اگر وہ لوطؑ کی بات مان لیتے ۔ اور ان کی بیٹیوں کو قبول کر لیتے۔ تو ان پر عذاب نہ آتا۔ آئیں دیکھتے ہیں کہ وہ لوط علیہ السلام کو کیا جواب دیتے ہیں۔

لوط علہ السلام کی قوم نے لوط علہ السلام کو جواب دیا اور کہا کہ ہمیں تیری بیٹیوں کی کوئی ضرورت نہیں۔

8۔ سورہ ہود آیات 76 تا 83 پارہ 12

اے ابراہیم اس بات کو چھوڑ دے بیشک تیرے رب کا حکم آ چکا ہے۔ اور ان پر ضرور عذاب آئے گا۔ جو ٹلنے والا نہیں ہے۔ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط کے پاس آئے۔ تو وہ غمگین ہوا۔ اور اُن کی وجہ سے تنگ دل ہوا۔ اور کہنے لگا کہ یہ دن بڑی ہی مصیبت کا ہے۔ اور ان کی قوم کے لوگ دوڑے دوڑے اس کی طرف آئے۔ اور وہ پہلے سے برے کام کرتے تھے۔ لوطؑ نے کہا۔ اے میری قوم۔ یہ میری بیٹیاں ہیں یہ تمھارے لیے پاکیزہ ہیں۔ لوط نے کہا۔ بس اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اور مجھے میرے مہمانوں کے سامنے رسوا نہ کرو۔ کیا تم میں ایک بھی نیک چلن نہیں ہے۔ وہ کہنے لگے۔ کہ تمھیں معلوم ہے۔ کہ ہمیں تیری بیٹیوں کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور بے شک تمھیں یہ بھی معلوم ہے۔ کہ ہم کیا چاہتے ہیں۔ لوط نے کہا۔ اے کاش میں تمھارے مقابلے کی طاقت رکھتا۔ یا کسی مضبوط سہارے کو پکڑتا۔

فرشتوں نے کہا۔ اے لوطؑ بے شک ہم تمھارے رب کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ تم تک ہرگز نہیں پہنچ سکیں گے۔ بس تم رات کے کسی حصے میں اپنے گھر والوں کو لے کر نکل جاؤ۔ اور تم میں سے کوئی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ سوائے تمھاری بیوی کے۔ بیشک جو عذاب اوروں پر نازل ہوگا۔ وہی اس پر نازل ہوگا۔ بیشک ان سے وعدے کا وقت صبح ہے۔ کیا صبح قریب نہیں۔ پھر جب ہمارا حکم آ گیا۔ تو ہم نے اس بستی کو اوپر نیچے کر دیا۔ اور اس پر لگاتار کنکر برسائے جن پر تمھارے رب کی طرف سے نشان لگے ہوئے تھے۔ اور وہ ان ظالموں سے کچھ دور نہیں۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں حضرت لوطؑ نے مجبوری کی حالت میں ایک چھوٹے حرام کام کو بڑے حرام کام کی نسبت ترجیح دی۔ یعنی مجبوری کی حالت میں جیسے حرام کھانا جائز ہے۔ یہ اس قسم کی بات ہے۔ البتہ عذاب ان کی قوم کو ہم جنس پرستی اور سرکشی کی وجہ سے آیا۔ اگر وہ لوطؑ کی بات مان لیتے ۔ اور ان کی بیٹیوں کو قبول کر لیتے۔ تو ان پر عذاب نہ آتا۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ تمام گناہ معاف کرنے کا اعلان کر رہے ہیں۔ مگر ایک شرط ایمان کی ہے۔ یعنی جو قرآن پاک کو قبول کر لینے کی ہے۔

10۔ سورہ اعراف آیت 153 پارہ 9

اور وہ لوگ جنہوں نے برے عمل کیے۔ پھر توبہ کر لی۔ اور ایمان لے آئے۔ تو بے شک آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخشش دینے والا رحم کرنے والا ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں۔ اور وہ لوگ جنہوں نے برے عمل کیے۔ پھر توبہ کر لی۔ اور ایمان لے آئے۔ یعنی سورہ محمد کی ایت نمبر 2 کے مطابق

قرآن پاک کو سچ مانا اور اس کی اطاعت کی ۔تو اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخش دینے والا رحم کرنے والا ہے۔

صرف قرآن پاک کی اطاعت کرنے والے جنت میں جائیں گے۔اور اللہ تعالیٰ ان کے تمام گناہ معاف کر دیں گے۔اور ان کے لیے بہترین اجر ہے۔یہ وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے ہوں گے۔

سورہ یاسین۔آیت 11۔پارہ نمبر 22

۔آپ ﷺ تو صرف اسے خبردار کر سکتے ہیں جو نصیحت یعنی قرآن پاک کی اطاعت کرے اور بغیر دیکھے اللہ تعالیٰ سے ڈرے۔اس کو بخشش اور بہترین اجر کی خوشخبری دے دیجیے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ قرآن پاک کو نصیحت کہہ رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے پیغمبرؐ آپ صرف اسے خبردار کر سکتے ہیں جو اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور قرآن پاک کی اطاعت کرے۔ایسے انسان کو بخشش اور بہترین اجر کی خوشخبری دے دیجئے۔

خواتین وحضرات!

سورہ نجم۔آیات 29 تا 30۔پارہ 27

جو ہماری نصیحت یعنی قرآن پاک سے پھر جاتا ہے۔آپ ﷺ بھی اس سے منہ موڑ لیجئے۔جو دنیا کی زندگی کے سوا کچھ نہیں چاہتا۔ان لوگوں کے علم کی رسائی یہیں تک ہے۔بلاشبہ آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے۔کہ کون اس کے راستے سے گمراہ ہو گیا ہے اور کون ہدایت پر ہے۔

خواتین وحضرات!

آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں کہ جو انسان نصیحت یعنی قرآن پاک سے پھر جاتا ہے یعنی منہ موڑ لیتا ہے۔تو آپ ﷺ بھی ایسے لوگوں سے منہ موڑ لیجیے یہ لوگ دنیا کو چاہنے والے ہیں۔ان لوگوں کا علم بس اتنا ہے۔۔۔

جو لوگ قرآن پاک کی بہترین باتوں پر عمل کریں گے۔اللہ تعالیٰ ان کے سارے گناہ معاف کر دے گا

11۔ سورہ زمر۔آیات 53 تا 62۔پارہ 24

آپ ﷺ کہہ دو! اے میرے غلاموں جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتیاں کی ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس مت ہوں۔بے شک اللہ تعالیٰ سارے گناہ معاف کر دیتا ہے بے شک وہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔اور اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اس کی فرمانبرداری کرو۔اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آجائے اور تمہیں کہیں سے مدد نہ مل سکے اور اطاعت اختیار کر لو اپنے رب کی نازل کی ہوئی بہترین باتوں کی۔اس سے پہلے کہ تم پر اچانک عذاب آجائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی انسان کہے کہ ہائے افسوس میری کوتاہی پر جو میں نے اللہ تعالیٰ کے حق میں کی۔اور میں تو الٹا مذاق اڑانے والوں میں شامل تھا۔یا یہ کہے کہ کاش اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت دیتا تو میں بھی پرہیز گاروں میں سے ہوتا یا عذاب دیکھ کر کہے کاش مجھے ایک اور موقع مل جائے اور میں احسان کرنے والوں میں سے ہو جاتا۔کیوں نہیں میری آیات تمہارے پاس آچکی تھیں پھر تو نے انہیں جھٹلایا اور تکبر کیا اور تو کافروں میں سے تھا۔جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بنائے ہیں قیامت کے روز تم دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہوں گے کیا جہنم میں تکبر کرنے والوں کیلئے جگہ کافی نہیں ہے اور جن لوگوں نے پرہیز گاری کی اللہ تعالیٰ انہیں کامیابی سے نجات دے گا نہ ان لوگوں کو کوئی تکلیف ہو گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے اللہ تعالیٰ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر چیز کا وکیل ہے۔

خواتین وحضرات!

ان آیات میں پہلے رسول ﷺ کا خطاب ہے پھر اللہ تعالیٰ کا خطاب ہے۔رسول ﷺ اللہ تعالیٰ کا پیغام ہم کو سناتے ہیں۔اے میرے غلاموں جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتیاں کی ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس مت ہوں۔بے شک اللہ تعالیٰ سارے گناہ معاف کر دیتا ہے بے شک وہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔اور اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اس کی فرمانبرداری کرو۔اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آجائے اور تمہیں کہیں سے مدد نہ مل سکے اور اطاعت اختیار کر لو اپنے رب کی نازل کی ہوئی بہترین باتوں کی۔اس سے پہلے کہ تم پر اچانک عذاب آجائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی انسان کہے کہ ہائے افسوس میری کوتاہی پر جو میں نے اللہ تعالیٰ کے حق میں کی۔اور میں تو الٹا مذاق اڑانے والوں میں شامل تھا۔یا یہ کہے کہ کاش اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت دیتا تو میں بھی پرہیز گاروں میں سے ہوتا یا عذاب دیکھ کر کہے کاش مجھے ایک اور موقع مل جائے اور میں احسان کرنے والوں میں سے ہو جاتا۔

ان کے جواب میں پھر اللہ تعالیٰ کا خطاب ہے۔اللہ تعالیٰ فرمائیں گے۔کیوں نہیں میری آیات تمہارے پاس آچکی تھیں پھر تو نے انہیں جھٹلایا اور تکبر کیا اور تو کافروں میں سے تھا یعنی فرقہ پرستوں میں سے تھا۔جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بنائے ہیں قیامت کے روز تم دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہوں گے کیا جہنم میں تکبر کرنے والوں کیلئے جگہ کافی نہیں ہے۔یاد رہے کہ فرقہ پرست اماموں نے احادیث کی صورت میں اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بنائے ہیں۔قیامت والے دن فرقہ پرستوں کے منہ کالے ہوں گے۔۔۔

اور جن لوگوں نے پرہیزگاری کی اللہ تعالیٰ انہیں کامیابی سے نجات دے گا نہ ان لوگوں کو کوئی تکلیف ہوگی اور نہ وہ غمگین ہوں گے اللہ تعالیٰ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر چیز کا وکیل ہے۔

کیا لوگ قرآن پاک کی اطاعت تب کریں گے۔ جب ان کے پاس کوئی معجزہ آجائے۔ پھر ایمان لانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

سورہ انعام آیات 155 تا 159۔ پارہ 8

اور یہ ایک کتاب ہے جس کو ہم نے نازل کیا ہے بڑی بابرکت ہے بس اس کی اطاعت کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تا کہ تم پر رحمت ہو اور یہ کتاب اس لئے نازل کی ہے تا کہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ دراصل کتاب تو ہم سے پہلے دو گروہ (یہود نصاریٰ) پر نازل کی گئیں تھیں۔ اور ہم ان کے پڑھنے سے بے خبر تھے یا تم یہ کہو کہ اگر کتاب ہم پر نازل کی جاتی تو یقیناً ہم ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے تو بس اب تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل ہدایت اور رحمت آچکی ہے اب اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھٹلائے اور ان سے منہ موڑے ہم ان لوگوں کو جلد سزا دیں گے جو ہماری آیات سے منہ موڑتے ہیں ان کو بدترین عذاب دیں گے اس لئے کہ وہ منہ موڑتے ہیں کیا یہ لوگ صرف اس بات کے انتظار میں ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آجائیں یا آپ کا رب آجائے یا آپ کے رب کا کوئی معجزہ آجائے جس دن کوئی خاص معجزہ آپ کے رب کی طرف سے آپہنچے گا اس وقت ایمان لانا کسی کے کام نہیں آئے گا۔ جو پہلے سے ایمان نہ رکھتا ہو یا اس نے اپنے ایمان کی حالت میں کوئی نیکی نہ کی ہو۔ آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ تم بھی انتظار کرو بے شک ہم بھی انتظار کرتے ہیں بے شک وہ لوگ جنہوں نے اپنے دین میں فرقے بنا لئے اور گروہ بن گئے آپ ﷺ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ بیشک ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کا ہے۔ پھر وہ ان کو خود بتائے گا جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔

خواتین و حضرات!

آپ نے دیکھا کہ ان آیات میں قرآن پاک نازل کرنے کی وجوہات بتائی گئی ہیں کہ اگر قرآن پاک نازل نہ ہوتا تو لوگوں نے کس کس طرح کے بہانے کرنے تھے کہ اگر پہلے لوگوں کی طرح ہمارے پاس بھی کتاب ہوتی تو ہم نے ہدایت یافتہ ہونا تھا سیدھے راستے پر ہونا تھا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تمہارے پاس کتاب آگئی ہے اب تمہارے پاس کوئی بہانہ نہیں ہے اور لوگوں کو فرقہ بنانے سے منع کیا کہ فرقہ بنانے والوں سے رسول ﷺ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

اب ہم پہلی کتابوں میں سزا کی تفصیل دیکھیں گے۔ آپ دیکھیں کہ اس میں کوڑوں کی سزا نہیں ہے۔ یاد رہے کہ ہم نے قرآن اور قرآن پاک سے پہلی کتابوں پر ایمان لانا ہے۔ نہ کہ نام نہاد اماموں کی لکھی کتابوں پر ایمان لانا ہے۔۔۔۔

سورہ المائدہ آیات 44 تا 51 پارہ 6

۔ بے شک ہم نے تورات نازل کی جس میں روشنی اور ہدایت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نبی جو اس کے فرمابردار تھے۔ یہودیوں کو اسی کتاب کے مطابق حکم دیتے تھے۔ اور یہود کے زاہد اور عالم بھی۔ کیونکہ ان کی حفاظت میں اللہ تعالیٰ کی کتاب دی گئی تھی۔ اور وہ اس پر گواہ تھے۔ بس تم لوگوں سے نہ ڈرو۔ اور مجھ سے ہی ڈرو۔ اور میری آیات کو تھوڑی قیمت کے بدلے نہ بیچو۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب کے مطابق فیصلہ نہ کریں۔ تو یہی لوگ کافر ہیں۔

اور ہم نے اُن پر تورات میں فرض کر دیا تھا۔ کہ جان کے بدلے جان ہے اور آنکھ کے بدلے آنکھ ہے۔ اور ناک کے بدلے ناک دانت کے بدلے دانت ہے اور زخموں کا ویسا ہی بدلہ ہے۔ پھر جو کوئی معاف کرے تو یہ اسکے گناہوں کا کفارہ ہے۔ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ نہ کریں۔ تو یہی لوگ ظالم ہیں۔ اور اس کے بعد ہم نے عیسیٰ بن مریم کو بھیجا جو اس کتاب کی تصدیق کرنے والا تھا جو اس سے پہلے کتاب تورات تھی۔ اور ہم نے ان کو انجیل دی۔ اور یہ کتاب تورات کی تصدیق کرنے والی تھی۔ جو اس سے پہلے نازل ہوئی تھی۔ اور پرہیزگاروں کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی اور انجیل والوں کو چاہیے کہ اسکے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ کرتے۔ جو اللہ تعالیٰ نے انجیل میں نازل کیے۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہی نافرمان ہیں۔

اور ہم نے آپ ﷺ کی طرف سچی کتاب نازل کی ہے جو ان تمام کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے۔ جو پہلے سے تھیں۔ اور ان کی محافظ بھی ہے۔ بس آپ ان احکام کے مطابق ان لوگوں کے درمیان فیصلہ کریں۔ جو اللہ تعالیٰ نے نازل کیے ہیں۔ اور اس سچ کو چھوڑ کر اُن کے خواہشات کی اطاعت نہ کیجیے۔ تم میں سے ہر ایک کے لیے ہم نے ایک شریعت کا ایک طریقہ مقرر کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی اُمت بنا دیتا۔ لیکن یہ کہ جو کچھ تمکو دیا گیا اس میں تمھیں آزمائے۔ بس نیکیوں میں ایک دوسرے سے بڑھو۔ تم کو اللہ تعالیٰ کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تم کو اس بات کی حقیقت بتا دے گا۔ جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور یہ کہ اس کے مطابق ان میں فیصلہ کیجیے۔ جو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے۔ اور ان کے خواہشات کی اطاعت نہ کیجیے۔ اور ان سے محتاط رہیے۔ کہ کہیں آپ ﷺ کو فتنہ میں ڈال نہ دیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف نازل کیا ہے پھر اگر وہ پھر جائیں۔ تو جان لیجیے کہ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان کے بعض گناہوں کی انہیں سزا ملے۔ اور اس میں شک نہیں کہ بہت سے لوگ نافرمان ہیں۔

تو کیا یہ لوگ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں۔ اور یقین رکھنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے بہتر فیصلہ کس کا ہوسکتا ہے۔ اے ایمان والوں تم یہودیوں اور نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ

۔وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔اورتم میں سے جوکوئی ان کودوست بنائے گا۔تو وہ یقیناً انہی میں سے ہوگا۔بے شک اللہ تعالیٰ ظالم قوم کوہدایت نہیں دیتا۔

خواتین وحضرات

آپ نے پہلی کتابوں میں سزا کی لسٹ دیکھی۔اس لسٹ میں غور کریں۔کہ کیا کوڑوں کی سزا ہے۔نہیں ہے۔اس کا مطلب ہے۔کہ قرآن پاک میں یہ آیات منسوخ آیات ہیں۔

طلاق کے بارے میں قرآن پاک کے احکام

سورہ نور آیات 3 تا7 پارہ28

اور جو عورتیں حیض سے مایوس ہوگئی ہوں۔مطلقہ عورتوں میں سے۔تم کوشک ہوتوان مدت تین مہینے ہے۔اور جن کوابھی تک حیض نہیں آیا۔(اورانکی بھی تین مہینے ہے) اور جوکوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔تووہ اس کے کام میں آسانی پیدا کردے گا۔یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔جواس نے تمھاری طرف نازل کیا ہے۔اور جوکوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا ۔تووہ اس کے گناہ معاف کردے گا۔اوراس کو بڑا اجردے گا۔ان مطلقہ عورتوں کو اپنی حیثیت کے مطابق رہائش دو۔جہاں تم خود رہتے ہو۔اورانہیں تنگ کرنے کے لیے تکلیف نہ دو۔اوراگروہ حاملہ ہوں۔تووہ بچہ پیدا ہونے تک ان پرخرچ کرتے رہو۔پھروہ اگرتھارے لیے بچے کودودھ پلائیں۔توان کوان کی اجرت دو۔اورآپس میں اچھے طریقے سے مشورہ کرو۔اوراگرتم آپس میں سختی کروگے۔تواسکوکوئی دوسری عورت دودھ پلائے گی۔صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔جس کا رزق تنگ ہو۔وہ اسی میں سے خرچ کرے۔اس میں سے جواللہ تعالیٰ نے دے رکھا ہے۔اللہ تعالیٰ کسی پر بوجھ نہیں ڈالتا۔مگراسی قدر جتنااس کودیا ہے۔اللہ تعالیٰ عن قریب تنگی کے بعد فراخی عطا کرے گا۔

خواتین وحضرات

ان آیات میں اللہ تعالیٰ مطلقہ عورتوں کے بارے میں تفصیل سے بات چیت کررہے ہیں۔اور مطلقہ عورتوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔اور جوکوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔تووہ اس کے کام میں آسانی پیدا کردے گا۔یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔جواس نے تمھاری طرف نازل کیا ہے۔اور جوکوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا۔تووہ اس کے گناہ معاف کر دے گا۔اوراس کو بڑا اجردے گا۔ان مطلقہ عورتوں کو اپنی حیثیت کے مطابق رہائش دو۔جہاں تم خود رہتے ہو۔اورانہیں تنگ کرنے کے لیے تکلیف نہ دو۔اوراگروہ حاملہ ہوں۔تو وہ بچہ پیدا ہونے تک ان پرخرچ کرتے رہو۔پھروہ اگرتھارے لیے بچے کودودھ پلائیں۔توان کوان کی اجرت دو۔اورآپس میں اچھے طریقے سے مشورہ کرو۔اوراگرتم آپس میں سختی کروگے۔تواسکوکوئی دوسری عورت دودھ پلائے گی۔صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔جس کا رزق تنگ ہو۔وہ اسی میں سے خرچ کرے۔اس میں سے جواللہ تعالیٰ نے دے رکھا ہے۔اللہ تعالیٰ کسی پر بوجھ نہیں ڈالتا۔مگراسی قدر جتنااس کودیا ہے۔اللہ تعالیٰ عن قریب تنگی کے بعدفراخی عطا کرے گا۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا کہ طلاق دینے کے بعد بعد عورت کواللہ تعالیٰ نے یہ نہیں کہا۔کہ اپنے بھائی یاباپ کے گھرپرچلی جاؤ۔بلکہ طلاق دینے کے بعد بھی شوہراسکی رہائش کا بندبست کریگا۔اگر عورت حمل سے ہے تو بچہ پیدا ہونے تک ساراخرچ کرے گا۔پھرعورت کواس وقت تک پیسے دے گا۔جب تک وہ بچے کودودھ پلائے۔اگر آپس میں رنجش کے باعث دودھ نہ پلانا چاہے۔توکسی اور عورت سے دودھ بچے کوپلوائے۔

خواتین وحضرات

آپ نے غورکیا کہ طلاق کے بعد بھی اللہ تعالیٰ نے میاں بیوی کواچھے طریقے سے آپس میں مشورہ کرنے کی تلقین کی۔۔ہمارے معاشرے میں طلاق ہونے کے ساتھ ہی شوہر سے بات کرنے پراس طرح پابندی لگائی جاتی ہے۔اوراللہ تعالیٰ کی آیات کی نافرمانی کی جاتی ہے۔یہاں تک کہ پورے پورے خاندان ایک دوسرے کے دشمن بن جاتے

ہیں۔کیا یہ جولوگ اتنی سختیاں تجویز کرتے ہیں۔یہ کیوں اللہ تعالیٰ کی تعلیمات کے خلاف ہیں۔

خواتین وحضرات

آپ نے دیکھا کہ شادی کے بعد لڑکی کو ماں باپ کے گھر کا راستہ ہرگز نہیں دکھایا گیا۔ بلکہ طلاق کے بعد رہائیش کی زمہ داری بھی شوہر کی زمہ داری ہے۔جو اس کی رہائیش کا بندوبست کرے گا۔

سورہ نساء آیات 19 تا 21 پارہ 4

اے ایمان والو تمھارے لیے یہ حلال نہیں۔کہ تم عورتوں کے زبردستی وارث بنو۔اور نہ انہیں اس خیال سے روکے رکھو۔کہ جو کچھ تم نے انہیں دے چکے ہو۔اس میں سے واپس لے لو۔سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔اوران کے ساتھ مناسب طریقے سے رہو۔اگر تم انہیں نہیں چاہتے۔تو ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو نا پسند کرو۔اور اللہ تعالیٰ اس میں تمھارے لیے اور بھلائی رکھ دے۔اور اگر تمھارا ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی لانے کا ارادہ ہو۔اور تم نے اسکو ایک دولت کا انبار دے رکھا ہو۔تو بھی اس میں سے واپس کچھ نہ لو۔تو کیا تم اس پر بہتان لگا کر اور اعلانیہ گناہ سے اس کو لینا چاہتے ہو۔اور تم کیسے لے سکتے ہو اس کو۔جبکہ تم ایک دوسرے کے قریب رہ چکے ہو۔اور وہ تم سے سخت اقرار لے چکی ہیں۔

خواتین حضرات

آپ نے دیکھا۔کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ عورتوں کو طلاق دینے کی صورت میں ہدایت دے رہے ہیں۔

اے ایمان والو تمھارے لیے یہ حلال نہیں۔کہ تم عورتوں کے زبردستی وارث بنو۔اور نہ انہیں اس خیال سے روکے رکھو۔کہ جو کچھ تم نے انہیں دے چکے ہو۔اس میں سے واپس لے لو۔

آپ نے دیکھا۔کہ اللہ تعالیٰ مرد کو حکم دے رہے ہیں۔کہ مرد اپنے دیے ہوئے میں سے واپس نہیں لے سکتا۔

سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔اوران کے ساتھ مناسب طریقے سے رہو۔اگر تم انہیں نہیں چاہتے۔تو ممکن ہے کہ تم ایک چیز کو نا پسند کرو۔اور اللہ تعالیٰ اس میں تمھارے لیے اور بھلائی رکھ دے۔اور اگر تمھارا ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی لانے کا ارادہ ہو۔اور تم نے اسکو ایک دولت کا انبار دے رکھا ہو۔تو بھی اس میں سے واپس کچھ نہ لو۔تو کیا تم اس پر بہتان لگا کر اور اعلانیہ گناہ سے اس کو لینا چاہتے ہو۔اور تم کیسے لے سکتے ہو اس کو۔جبکہ تم ایک دوسرے کے قریب رہ چکے ہو۔اور وہ تم سے سخت اقرار لے چکی ہیں۔

آپ نے دیکھا۔

کہ اللہ تعالیٰ مرد کو حکم دے رہے ہیں۔کہ طلاق دینے کی صورت میں مرد عورت سے کچھ واپس نہیں لے سکتا۔چاہے وہ دولت کا ایک انبار ہی کیوں نہ ہو۔

سورہ طلاق آیات 1 تا 2 پارہ 28

اے نبی جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دو۔تو طلاق ان کی عدت کے شروع میں دو۔اور عدت کا حساب رکھو۔اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔جو تمھارا رب ہے۔اُن کو اپنے گھروں سے نہ نکالو۔اور نہ وہ خود نکلیں۔سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کریں۔اور یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی حدوں سے نکلے گا۔تو وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا۔تم نہیں جانتے کہ شاید اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی بہتری پیدا کر دے۔پھر جب وہ اپنی معیاد کو پہنچیں۔تو ان کو اچھے طریقے سے جدا کر دو۔یا اچھے طریقے سے روک لو۔اور اپنے میں سے دو انصاف پسند گواہ لو۔اور گواہی کو اللہ تعالیٰ کے لیے قائم کرو۔ان باتوں سے ان کو نصیحت حاصل ہوتی ہے۔جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھے۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے نکلنے کا راستہ بنا دے گا۔

خواتین واحضرات

